سوال

(46) بدایۃالمجتہد کی عبارت کا مفہوم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بدایۃالمجتہد کی یہ عبارت حل طلب ہے اس کا سادہ ترجمہ، اعراب اور سیاق وسباق کے اعتبار سے اس کا مفہوم کیا ہے؟ صفحہ نمبر ۲۱۴ ''اَلرُّکنُ الثَّالِثُ وَہُوَالنِّیَّۃ'' سطر نمبر ۹۔

''لیس یختص عبادۃ عبادۃ بوضوء وضوء''؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کی درج کردہ عبارت کا حل مندرجہ ذیل ہے بتوفیق اللہ تبارک وتعالیٰ وعونہ

اعراب: ''لَيْسَ يُخْتَصُّ عِبَادَةٌ عِبَادَةٌ بِوُضُوْءٍ وُضُوْءٍ۔''

ترجمہ: ایک ایک عبادت ایک ایک وضوء کے ساتھ مخصوص نہیں۔

مفہوم: ایک عبادت کی نیت سے کیا ہوا وضوء کئی عبادتوں کے لیے کافی ہے مثلاً ظہر کی نماز کے لیے وضوء کے ساتھ نماز جنازہ، بیت اللہ کا طواف اور عصر کی نماز ادا کر سکتے ہیں ہر عبادت کے لیے علیحدہ علیحدہ نیت کے ساتھ الگ الگ وضوء کوئی ضروری نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

طہارت کے مسائل ج1ص86

محدث فتویٰ